Directorate of Education GNCT Delhi-54

Mid Term Practice Question Paper

Session: 2026-27

Class-VII

Sub: Urdu- I

Time: 2:30 Hrs M.M.60

سوال 1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

علم انسان کے لیے روشنی کا کام کرتا ہے۔ یہ جہالت کے اندھیروں کو دور کرتا ہے اور انسان کو صحیح راستہ دکھاتا ہے۔ ایک تعلیم یافتہ شخص نہ صرف اپنی زندگی سنوارتا ہے بلکہ دوسروں کے لیے بھی فائدہ مند بنتا ہے۔ علم انسان کو اچھے برے کی پہچان دیتا ہے اور اسے سچ بولنے، نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی ہدایت دیتا ہے۔ جو قومیں علم حاصل کرتی ہیں، وہ ترقی کرتی ہیں، اور جو علم سے دور رہتی ہیں، وہ پیچھے رہ جاتی ہیں۔ اس لیے ہمیں ہمیشہ علم حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ علم ہی کامیابی اور عزت کی کنجی ہے۔

(i) علم انسان کے لیے کیا کام کرتا ہے؟

a۔ اندھیرا پھیلاتا ہے b۔ روشنی کا کام کرتا ہے

c۔ وقت ضائع کرتا ہے d۔ دولت بڑھاتا ہے

(ii) تعلیم یافتہ شخص دوسروں کے لیے کیا ہوتا ہے ؟

a۔ نقصان دہ b۔ فائدہ مند

c۔ بے کار d۔ غریب

(iii) علم انسان کو کیا سکھاتا ہے

a۔ جھوٹ بولنا b۔ برائی کرنا

c۔ اچھے برے کی پہچان d۔ کھیلنا

(iv)جو قومیں علم حاصل کرتی ہیں وہ کیا کرتی ہیں ؟

a۔ سستی کرتی ہیں b۔ترقی کرتی ہیں

c۔ پیچھے رہ جاتی ہیں d۔ کمزور رہ جاتی ہیں

(v)کامیابی اور عزت کی کنجی کس چیز کو کہا گیا ہے ؟

a۔دولت b۔ طاقت

c۔علم d۔قسمت

سوال2۔درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

ایک بار ایسا ہوا برسات میں سرد، لمبی گھُپ اندھیری رات میں

ایک ننّھی بوند آنکھیں میچتی ہچکچاتی سانس اندر کھینچتی

چھوڑ کر بادل کا پہلو جب چلی دل ہی دل میں سوچ کر ڈرنے لگی

یہ بھیانک رات اور لمبا سفر راستہ بھی کچھ نہیں آتا نظر

کیا بھروسہ آگ میں گر جاؤں میں پھر نہ کچھ اپنا پتا بھی پاؤں میں

(i) دل ہی دل میں سوچ کر کون ڈرنے لگی؟

a۔بچی b۔ چڑیا

C۔ ننھی بوند d۔ہوا

(ii) ان اشعار میں کس موسم کا ذکر ہے؟

a۔سردی b۔ برسات

c۔ گرمی d۔خزاں

(iii)راستہ کیوں نہیں نظر آ رہا تھا؟

A۔ تیز روشنی کی وجہ سے b۔اندھیرے کی وجہ سے

C۔ چشمے کی وجہ سے d۔ طوفان کی وجہ سے

(iv) ننھی بوند کو کس مین گر کر فنا ہو جانے کا خوف ستا رہا تھا؟

A۔ میدان میں b۔آگ میں

C۔ کھیت میں d۔ باغ میں

(V)ان اشعار میں کس وقت کا ذکر ہے ؟

a۔دن b۔ شام

c۔ صبح d۔ رات

سوال 3۔ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

ہمارے وطن کی سلامتی اور حفاظت کے لیے بے شمار محب وطن جاں بازوں نے اپنی قربانیاں پیش کی ہیں۔ان میں ایک نام بر گیڈیر محمد عثمان کا ہے۔اُن کی پیدائش 15 جولائی 1912 کو بی بی پور گاؤں، ضلع مئو،اتر پردیش میں ہوئی۔ان کی والدہ کا نام جمیلن بی بی اور والد کا نام قاضی محمد فاروق تھا جو بنارس میں شہر کوتوال تھے۔ برطانوی حکومت نے اُن کی خدمات کے اعتراف میں انھیں خان بہادر کا خطاب دیا تھا۔ محمد عثمان کو مطالعے کا بہت شوق تھا۔وہ کئی زبانیں جانتے تھے۔ان کے مزاج میں شروع سے ہی جاں بازی اور جاں نثاری کا جذبہ موجود تھا۔

(i)محمد عثمان کے والد کا نام کیا تھا؟

(a) محمد فاروق تاج (b) محمد قاسم (c) محمد اسماعیل (d) محمد علی

(ii) بر گیڈیر محمد عثمان کہاں پیدا ہوئے ؟

(a) لکھنؤ (b)الہ آباد (c) مئو (d)کانپور

(iii) برطانوی حکومت نے محمد عثمان کو کون سا خطاب دیا تھا؟

(a) خان صاحب (b) خان بہادر (c) سر (d) نواب

(iv) بریگیڈیئر محمد عثمان کی پیدائش کب ہوئی؟

(a)15جولائی 1912 (b) 15اگست 1912 (c) 14جولائی 1912 (d)15 جولائی 1912

(v) محمد عثمان کو مطالعے کا کتنا شوق تھا؟

(a) بالکل نہیں تھا (b) کم تھا (c) بہت شوق تھا (d) کبھی کبھی کرتے تھے

سوال 4 درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ 5x1=5

ہر ذرّے میں ہے ظہور تیرا خورشید و قمر میں نور تیرا

افسانہ ترا جہاں تہاں ہے چرچا ہے قریب و دور تیرا

گاتے ہیں شجر ہوا میں کیا کیا دم بھرتے ہیں سب طیور تیرا

تو جلوہ فگن کہاں نہیں ہے

وہ جا نہیں، تو جہاں نہیں ہے

(i) مندرجہ بالا شعری حصہ کسی نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) جگنو (b) ترانۂ وحدت (c) گلزار وطن (d) قدم بڑھاو دوستو!

(ii) شاعر کے مطابق ہر ذرّے میں کس کا ظہور ہے؟

(a) انسان کا (b) فطرت کا (c) اللہ تعالیٰ کا (d) سورج کا

(iii) گاتے ہیں شجر ہوا میں کیا کیا" میں " شجر " کے معنی ہیں؟

(a) پہاڑ (b) میدان (c) درخت (d) جنگل

(iv) خورشید و قمر میں کس کا نور بتایا گیا ہے؟

(a) اللہ تعالیٰ کا (b) ستاروں کا (c) زمین کا (d) چاند کا

(v) مندرجہ بالا شعری حصہ کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(a) محمد اقبال (b) سرور جہاں آبادی (c) بشر نواز (d) تلوک چند محروم

سوال5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

(i)پسندیدہ کھیل (ii)ہولی (iii) 15اگست

سوال6۔ اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام دودن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 5

یا

شادی کی تقریب میں اپنے دوست کو گھر بلانے کے لئے خط لکھیے۔

سوال7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x2=10

(i) 'چند ٹافیاں' کس صفت کی مثال ہے

(صفت عددی، صفت نسبتی، صفت ذاتی)

(ii) کوئی دو الفاظ کی متضاد لکھیے۔

غائب، حقیقی، شروع، انجام

(iii) کوئی دو الفاظ کو اسم فاعل میں بدل کر لکھیے۔

شعر کہنے والا، انصاف کرنے والا، تقریر کرنے والا

(iv) کسی لفظ کے آخر میں اگر کوئی اضافہ کیا جائے تو اسے __________ کہتے ہیں۔

(سابقہ، لاحقہ، مترادف)

(v) کوئی دو الفاظ کی جمع لکھیے۔

مرض، مقصد، ضرورت، ترقی

سوال8۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x3=9

(i) آلودہ پانی کس طرح نقصان دہ ہے؟

(ii) چڑیا کے بچے کے دو دن کس حالت میں گزرے؟

(iii) اورین دیو کون تھااور اس نے ریچھ کو کیسے قابو میں کیا؟

(iv) بارش نہ ہونے سے کھیت کی کیا حالت ہوگئی تھی؟

سوال 9۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

(i) وقت کو ہمارا انتظار کیوں ہے؟

(ii) جگنو کو چھوٹا سا چاند کیوں کہا گیا ہے؟

(iii) 'رہبر کاروان ہستی' کس کو کہا گیا ہے؟

(iv) وطن کی خاک کو گلستاں کیسے بنایا جائے گا؟

سوال 10۔ خالی جگہوں کو مناسب لفظ کی مدد سے پر کیجیے۔ 5x1=5

1- ریچھ دن بھر پڑا سوتا رہتا اور شام کے وقت۔۔۔۔۔۔۔۔ کو چھیڑتا۔ (ستاروں/سیّاروں)

2- دوسرے دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے بوڑھے نے ریچھ کو اپنے قریب بلا کر خوب ڈانٹا۔ (تاروں/چاند)

3- ستارے اگر اپنی اصلی جگہ پر نہیں رہتے تو دنیا کے مسافر اور۔۔۔۔۔۔ اپنا راستہ بھول جاتے ہیں۔

(جہاز/ستارے)

4- اورین دیو نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی کھال پہنی اور ریچھ کے غار کی طرف چلا۔ (ریچھ/شیر)

5۔ لاکھوں برس گزرے آسمان پر۔۔۔۔۔۔۔۔ کی طرف سفید بادلوں کے پہاڑ کے ایک بڑے غار میں ایک بہت بڑا ریچھ رہا کرتا تھا۔ (شمال/جنوب)